(6 pages)

MAY 2024 **U/ID 33277/ULF2A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ بھولا کا ماموں ہر سال کس دن آتا تھا؟

۲۔ آنندی اور سری کنٹھ میں کیا رشتہ تھا؟

۳۔ ذکیہ کو کیا بیماری ہوگئی تھی؟

۴۔ جامن کے پیڑ کے نیچے دبے ہوئے شخص کو غذا کون پہنچاتا تھا؟

۵۔ ''کفن'' کس کا لکھا ہوا افسانہ ہے؟

۶۔ نادر اور جمیل میں کیا رشتہ تھا؟

۷۔ احسان صاحب کی بیوی اور ثروت میں کیا فرق تھا؟

۸۔ ''آٹھواں پنکھا'' کس کا لکھا ہوا افسانہ ہے؟

۹۔ راشدہ چاچی کو اپنی بہوؤں سے کیا شکایت تھی؟

۱۰۔ ''برف گزیدہ لوگ'' سے کون لوگ مراد ہیں؟

۱۱۔ ''ضمیر'' کی کتنی قسمیں ہیں؟

۱۲۔ ''اسم'' کی تعریف بیان کیجئے۔

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ اقتباسات کا بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

۱۳۔ ''حیرت ہے اس سمے جب ہم درخت اگاو اسکیم بڑے پیمانے پر چلا رہے ہیں، ہمارے ملک میں ایسے سرکاری افسر موجود ہیں جو درختوں کو کاٹنے کا مشورہ دیتے ہیں۔''

۱۴۔ ''میکے میں تو چاہے گھی کی ندی بہتی ہو۔''

۱۵۔ ''معلوم ہوتا ہے بچے گی نہیں۔ سارا دن تڑپتے ہو گیا۔ جا دیکھ تو آ''

۱۶۔ ''آپ جو جی چاہے سمجھیں۔ گاوں والے جو دل میں آئے کہیں۔ مگر میں اس پاجی کی نماز جنازہ نہ پڑھاوں گا۔''

۱۷۔ ''دن کو کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔''

۱۸۔ ''نادر، تم میرے لئے اچھے دوست تھے۔ لیکن مجھے معلوم نہ تھا کہ تم میری بیوی کے لئے بھی اچھے دوست ثابت ہو گے۔''

۱۹۔ ''میں یہ سوچتے ہوئے چلا آیا کہ احسان صاحب کی نوکرانی اگر اتنی خوبصورت ہے تو ان کی بیوی کیسی ہوگی؟''

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
جواب پانچ سوالفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ افسانہ ''نورونار'' میں علی عباس حسینی نے کیا کش مکش بیان کی ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۲۱۔ افسانہ ''جامن کا پیڑ'' میں کرشن چندر نے سرکاری دفتروں پر کیا نکتہ چینی کی ہے؟ تفصیل لکھئے۔

۲۲۔ شبیب احمد کاف نے اپنے افسانہ ''آٹھواں پنکھا'' میں کیا تاثر پیش کیا ہے؟ تبصرہ کیجئے۔

۲۳۔ اردو میں بے جان اشیاء کی تذکیر وتانیث کے قاعدے بیان کیجئے۔

۲۴۔ ذیل کی انگریزی عبارت کا سلیس اور با محاورہ اردو زبان میں ترجمہ کیجئے :

A Policeman has to protect the public from thieves and wicked men. He has to give help to all those who need it, especially to strangers, foreigners and old people. He must be brave and strong so that he can prevent violent people behaving rudely. In a difficulty the policeman has the right to call upon anybody for help. To refuse to help the policeman is an offence against good citizenship.

———————